01-04-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔لوک سبھا میں اے پی تنظیم جدید ترمیمی بل کو منظور کرلیا گیا جس کے تحت امراوتی کو ریاست کے دارالحکومت کے طور پر منظور عمل میں آئی ۔بی جے پی ، کانگریس ،تلگودیشم اورایس پی نے بل کی حمایت کی جبکہ وائی سی پی نے واک آوٹ کیا۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اے پی تنظیم جدید بل پر مباحث کے دوران کانگریس اور بی آر ایس کوتنقید کا نشانہ بنیااور الزام عائد کیا کہ تلنگانہ میں کانگریس حکومت کے دوران آر آر ٹیکس کے دوران لوٹ مار ہورہی ہے۔

۳۔ریاست کے دومواضعات نے اچھی حکمرانی اور خاتون دوست پنچایت زمروں کے تحت ایوارڈس جیتے ہیں۔

۴۔وزیر لکشمن کمار نے تلنگانہ میں بزرگ والدین کے تعلق سے بنائے گئے قانون کی ستائش کی اورکہا کہ بزرگ والدین کوناراض کرنے والوں کے خلاف کارروائی ضروری ہے۔

اور

۵۔  ہریش راؤ نے کالیشورم پروجیکٹ کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سدی پیٹ کو گوداوری کے پانی سے فائدہ حاصل ہورہا ہے جبکہ کالیشورم پروجیکٹ علاقہ کےعوام کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔

LEAGALE STATUS:

امراوتی کوآندھراپردیش کس مستقل دارالحکومت کا درجہ دینے کےتعلق سے قانونی بل کولوک سبھا میں متعارف کرایا گیا ہے۔مرکزی وزیر برائے داخلی امور نتیانندا رائے نے لوک سبھا میں

آندھراپردیش تنظیم جدید ترمیمی بل کے زیرعنوان یہ بل پیش کیا۔ اسپیکر اوم برلا نے اِس بل پر ایک گھنٹہ کیلئے مباحث کی اجازت دی اور کہا کہ اگر ضرورت پڑی تب مباحث میں مزید ایک گھنٹہ کی توسیع کی جاسکتی ہے۔ کانگریس پارٹی نے اِس بل کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ پارٹی کے رکن مانکیم ٹائیگور نے یہ بات لوک سبھا میں کہی۔ اس بل کو ایوان زیریں میں صدائے ووٹ کے ذریعہ منظور کرلیا گیا۔ اب جمعرات کو اِس بل کو راجیہ سبھا میں پیش جائے گا۔

LPG:

تیل کی مارکیٹنگ کمپنیوں نے مغربی ایشیاء کی صورتحال کے تناظر میں میٹروپولیٹن شہروں میں کمرشیل ایل پی جی گیس سلنڈرس کی قیمت میں 195 روپے اور 50 پیسے کا اضافہ کردیا ہے۔ انڈین آئیل کارپوریشن لمیٹڈ کی ویب سائٹ کے مطابق دہلی میں کمرشیل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت اب دو ہزار 78 روپے اور پچاس پیسے ہوگی۔ اسی طرح کولکتہ میں اس کی قیمت میں 2 ہزار 208 روپے، ممبئی میں 2 ہزار 31 روپے جبکہ چینائی میں 2 ہزار 246 روپے اور 50 پیسے ہوگئی ہے۔ 19 کلوگرام تجارتی ایل پی جی سلنڈرس پر اضافی قیمتوں کا آج سے ہی نفاذ ہوچکا ہے۔ اسی دوران گھریلو پکوان گیس سلنڈر کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

LS- RAILWAYS:

ریلویز کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ریلوں کیلئے رکارڈ بجٹ مختص کیا گیا ہے جس سے ملک کے ہر شہری بالخصوص غریبوں اور درمیانی طبقہ کے افراد کو فائدہ پہنچے گا۔ لوک سبھا میں آج وقفہ سوالات کے دوران جواب دیتے ہوئے ویشنو نے کہا کہ ریلوے کے شعبہ میں گزشتہ ایک دہائی کے دوران قابل لحاظ سرمایہ کاری کی گئی ہے جس سے ہر شہری کو راست فائدہ پہنچا

ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں ریلویز کی جانب سے 76 ہزار 352 خصوصی ٹرینیں چلائی گئیں جبکہ روزانہ ملک بھر میں تقریباً 25 ہزار ٹرینیں چلتی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ اس سال ریلوں کے ذریعہ ایک ہزار 7670 ملین میٹرک ٹن سامان کو مختلف مقامات پر ریکارڈ طریقہ سے منتقل کیا گیا۔انہوں نے مزید بتایا کہ حفاظت کیلئے بھی کافی بہتر اقدامات کئے گئے ہیں جبکہ ریلوے کی آمدنی میں بھی ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔

GST:

اس سال مارچ میں جی ایس ٹی کے تحت آمدنی میں 8.8 فیصد سے دولاکھ کروڑ روپے تک اضافہ ہوا ہے جبکہ گزشتہ سال اسی مہینہ میں ایک لاکھ 83 ہزار کروڑ روپے آمدنی ہوئی تھی۔ وزارتِ فینانس کے مطابق اس سال مارچ میں مرکزی جی ایس ٹی کی آمدنی 40 ہزار 549 کروڑ روپے ہے جبکہ ریاستوں سے جی ایس ٹی کی آمدنی 53 ہزار 268 کروڑ روپے ہوئی ہے۔اسی دوران مالی سال 26-2025ء میں جی ایس ٹی کی مجموعی آمدنی 22 لاکھ کروڑ روپے رہی جبکہ گزشتہ سال کے مقابلہ میں اس رقم میں زائد از 20 لاکھ کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے۔

PURASKAR:

تلنگانہ کی پنچایتوں نے دیہی ترقیات اور ٹھوس حکمرانی کے معاملہ می قومی سطح پر اہم پہچان بنائی ہے۔ دین دیال اوپادھیائے پنچایت اسٹیٹ وکاس پرسکار کا مرکزی وزارت برائے پنچایت راج کی جانب سے اعلان کیا گیا ہے جس کے مطابق تلنگانہ کے دو مواضعات نے باوقار ایوارڈس حاصل کئے ہیں۔ضلع وقارآباد کے منڈل کوتے پلی کے موتو کو پلی گرام پنچایت نے اچھی حکمرانی کے معاملہ میں ایوارڈ جیتا ہے۔ اسی دوران ضلع سنگاریڈی کے فصل واڑی گرام

پنچایت کو خاتون دوست پنچایت کا ایوارڈ ملا ہے۔ پنچایت راج اور دیہی ترقیات کی وزیر ڈاکٹر انوسویا سیتا اکا نے اِس پیشرفت پر فخر کا اظہار کیا اور مقامی عوام، نمائندوں اور دونوں مواضعات کے عہدیداروں کو مبارکباد دی۔

CHARGE:

Charch

1992 بیچ کے سینئر آئی اے ایس آفیسر چینچل کمار نے آج وزارتِ اطلاعات ونشریات کے سکریٹری کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔ وہ سینئر آئی اے ایس آفیسر سنجے جاجو کی جگہ آئے ہیں۔ بہار کیڈر کے آفیسر چینچل کمار اس سے پہلے شمال مشرقی علاقہ میں سکریٹری برائے ترقیات کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔

Kishan Reddy

آج ایک اہم سیشن کے دوران مرکزی وزیر کشن ریڈی نے آندھرا پردیش تنظیم جدید ترمیمی بل 2026ء کی پرزور حمایت کی ہے جس کے ذریعہ امراوتی کو ریاست کے مستقل صدر مقام کا درجہ دینے کیلئے سرکاری طور پر فیصلہ کیا گیا ہے۔ کشن ریڈی نے آندھرا پردیش کے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت دونوں تلگو ریاستوں کے ساتھ بھائیوں جیسا برتاؤ کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ وزیر نے کانگریس پارٹی پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ تاریخ کو نظر انداز کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بات نوٹ کی کہ آندھرا پردیش میں جہاں 8 ایرپورٹس ہیں جبکہ تلنگانہ میں صرف ایک ایرپورٹ ہے۔ انہوں نے سابق بی آر ایس حکومت کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ وہ ورنگل اور عادل آباد میں ایرپورٹ کیلئے اراضی فراہم کرنے میں ناکام رہی۔ کشن

ریڈی نے بی جے پی حکومت میں بنیادی سہولتوں کی تیز رفتار ترقی کو اجاگر کرتے ہوئے کئی ہزار کلومیٹر پر مشتمل نئی قومی شاہراہوں کا حوالہ دیا اور کہا کہ تلنگانہ میں 42 ریلوے اسٹیشنوں کو عصری بنایا گیا ہے۔ کشن ریڈی نے ریاست کی کانگریس حکومت کو انتباہ دیا کہ آر آر ٹیکس کے ذریعہ ریاست کو لوٹنے سے ریاست کی تقسیم کی اصل مقاصد پورے نہیں ہوں گے۔

ARRIVE ALIVE:

محبوب نگر کی ایس پی جانکی نے کہا ہے کہ روڈ سیفٹی میں آٹو رکشا ڈرائیور اہم رول ادا کرتے ہیں جبکہ انہوں نے ان پر زور دیا کہ ٹرافک قوانین کی سختی سے پاسداری کریں۔ ضلع ٹرافک پولیس اسٹیشن میں منعقدہ ارائیو۔ آلائیو پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مقامی ڈرائیورس کیلئے آنکھوں کا معائنہ کیمپ منعقد کرنے پر منتظمین کو مبارکباد دی۔ ایس پی نے اس موقع پر محکمہ ٹرافک کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ٹاؤن میں موجود تمام 6 ہزار آٹو رکشاؤں پر بہتر دیکھ بھال کیلئے ضروری ٹرافک نمبرس لگیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آٹو رکشا ڈرائیورس اسٹانڈس پر ایک ہی قطار میں آٹو کو کھڑا کریں۔

SEETHAKKA:

ریاستی وزیر انوسویا سیتا اکا نے ملگو کے کلکٹر دیواکر کے ہمراہ ملم پلی منڈل میں گرامیکیا سنگم کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ عمارت محکمہ پنچایت راج کے محکمہ انجینئرنگ کی جانب سے دس لاکھ روپے کے خرچ سے تعمیر کی جائے گی۔ اس کے علاوہ سی آر آر کی جانب سے 72 لاکھ 50 ہزار فنڈس کے ذریعہ سی سی سڑکیں بھی تعمیر کی جائیں گی۔

ADLURI:

تلنگانہ کے وزیر لکشمن کمار نے کہا ہے کہ ایسے افراد کے خلاف جو اپنے بزرگ والدین کو نظر انداز کرتے ہیں، ایک نیا قانون بنایا گیا ہے۔ جگتیال کلکٹریٹ میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس قانون کے تحت متاثرہ والدین کلکٹر کے پاس اپنی شکایت درج کرواسکتے ہیں۔ کلکٹر کیلئے ضروری ہوگا کہ 60 دن کے اندر اس مسئلہ کو حل کرے۔ یہ قانون نہ صرف سرکاری ملازمین بلکہ خانگی شعبہ کے ورکرس اور عوامی نمائندوں پر بھی لاگو ہوگا۔ قانون پر سختی سے عمل کرنے کے لئے حکومت نے محکمہ پولیس کو شامل کرنے اور معذورین کی بھلائی کے محکمہ کے ساتھ تال میل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

BAKKI:

ریاستی ایس سی ایس ٹی کمیشن کے چیرمین بکی وینکٹیا نے کہا ہے کہ سماج میں ذات پات کی تقسیم کا خاتمہ کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے جبکہ ہم سب کو مل کر ایک ایسا معاشرہ بنانا ہوگا جہاں ہر کوئی مساوی حقوق کے ساتھ رہ سکے۔ انہوں نے ضلع کاماریڈی میں نرسم پلی کے مقام پر منعقدہ ایک پروگرام میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی اور ڈاکٹر امبیڈکر کے پوٹریٹ پر پھول پیش کرتے ہوئے خراج ادا کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ملک کا دستور سب کو مساوات کا حق دیتا ہے جبکہ انہوں نے حکومت، عہدیداروں اور عوام سے کہا کہ متحدہ طور پر دیہی علاقوں میں ذات پات کی تقسیم کو ختم کرنے کیلئے اقدامات کریں۔

CMRF:

سابق وزیر و بی آر ایس پارٹی کے ڈپٹی فلور لیڈر ہریش راؤ نے کہا ہے کہ عوام متحدہ طور پر کام کرتے ہوئے حلقہ سدی پیٹ کو آگے رکھیں۔ آج سدی پیٹ میں واقع ایم ایل اے کیمپ آفس میں 62 لاکھ 88 ہزار روپے کے سی ایم آر ایف چکس 300 افراد میں تقسیم کئے گئے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ سابق میں سدی پیٹ کے عوام روزگار کیلئے ممبئی اور دبئی جاتے تھے تاہم اب یہاں بہار اور چھتیس گڑھ کے مزدوروں کو روزگار مل رہا ہے۔

Banaka Cherla:

پداپلی کے ایم پی وامشی کرشنا نے پارلیمنٹ میں اپنی تقریر کے دوران کہا کہ تلنگانہ کے ساتھ مسلسل ناانصافی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے پی تنظیم جدید بل میں کئے گئے کئی وعدوں کو پورا نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر دریائے کرشنا پر بنکا چرلا پروجیکٹ کے تعلق سے تشویش کا اظہار کیا اور دعویٰ کیا کہ آندھرا پردیش کی جانب سے بڑا بجٹ مختص کیا گیا تاکہ تلنگانہ کے 200 ٹی ایم سی پانی کا رخ موڑا جاسکے۔

○○